2022年5月18日ジャング紙ラホール版1面

پاکستان میں مقیم چینی شہریوں کی سکیورٹی یقینی بنائی جائے، شہباز شریف

مئی ، 2022 18

اسلام آباد (نیوز رپورٹر، آئی این پی) وزیر اعظم شہباز شریف نے پاکستان میں مقیم چینی شہریوں کی سکیورٹی کو یقینی بنانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ ملک میں امن و امن کی صورتحال کو بہتر کرنے کیلئے بھی فوری اقدامات کیے جائیں‘ سی پیک کو نقصان پہنچانے کی کوشش کسی طرح بھی قابل قبول نہیں، چینی کمپنی کی بیماریوں کی تشخیص، بچاؤ اور علاج کیلئے جوائنٹ وینچر کے تحت سرمایہ کاری پیشکش کا خیر مقدم کرتے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق وزیر اعظم شہباز شریف کی زیر صدارت چینی شہریوں کی سکیورٹی کے معاملے پر اجلاس ہوا جس میں وزارت داخلہ کے حکام، چیف سیکرٹریز، سکیورٹی اور سی پیک کے حکام شریک ہوئے۔ اجلاس میں وزیر اعظم کو چینی شہریوں کی سکیورٹی سے متعلق بریفنگ دی گئی جب کہ اس موقع پر وزیر اعظم نے پاکستان میں مقیم چینی شہریوں کی سکیورٹی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ وزیر اعظم کا کہنا تھا کہ ملک میں امن و امن کی صورتحال کو بہتر کرنے کیلئے بھی فوری اقدامات کیے جائیں اور سی پیک کو نقصان پہنچانے کی کوشش کسی طرح بھی قابل قبول نہیں۔ دریں اثناء وزیر اعظم آفس میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق منگل کو وزیر اعظم شہباز شریف سے چینی کمپنی سینو ویک کے وفد نے ملاقات کی۔ ملاقات میں کیانگ گواو جنرل مینیجر سینو ویک، ڈائریکٹر انٹرنیشنل بزنس کیون زینگ، وفاقی وزیر صحت عبد القادر پٹیل، ایگزیکٹیو ڈائیریکٹر نیشنل انسٹیٹیوٹ آف ہیلتھ میجر جنرل پروفیسر عامر اکرام اور متعلقہ اعلی حکام بھی موجود تھے۔ اجلاس میں وزیر اعظم کو کووڈ۔19 ویکسی نیشن مہم کے دوران سینو ویک کی طرف سے پاکستان کو فراہم کی گئی ویکسین کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ اس کے علاوہ سینو ویک کی طرف سے پاکستان میں سرمایہ کاری کر کے بیماریوں کی تشخیص، بچاؤ اور علاج کیلئے ایک جوائنٹ وینچر بنانے میں گہری دلچسپی کا اظہار کیا گیا۔ وزیر اعظم نے چین پاکستان مثالی دوستی کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ حکومت چینی کمپنی کی طرف سے بیماریوں کی تشخیص، بچاؤ اور علاج کیلئے جوائنٹ وینچر کے تحت سرمایہ کاری کی پیشکش کا خیر مقدم کرتی ہے اور اس حوالے سے ہر قسم کا تعاون فراہم کرے گی۔ وزیر اعظم نے وفاقی وزیر صحت کو اس حوالے سے فوری طور پر ایک ٹاسک فورس بنانے کی ہدایات جاری کیں تاکہ سینو ویک کمپنی جلد اس منصوبے پر کام شروع کر سکے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ ملک میں براہِ راست بیرونی سرمایہ کاری بڑھانا حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔پاکستان کووڈ۔19 کے دوران چینی تعاون کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے ۔